حیسکو پریس ریلیز مورخہ : 24.12.2021

# چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اور خصوصی ریکوری ٹیموں کی نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف حیدرآباد، ٹھٹھہ، کوٹری ودیگر علاقوں میں کارروائیوں میں 94 بجلی چوروں کے کنکشن کاٹے اور نادہندگان کے 58 کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

☆ حیدرآباد (         ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات ہیں سب سے پہلے عوام ہمیں عوام کی Care کرنی ہے، کیونکہ حیسکو کا ہر ملازم اور صارف حیسکو کا محافظ ہے، بجلی چوری کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، نادہندگان سے واجبات کی 100% سے زائد وصولی کرنا ہمارا مقصد ہے۔ تفصیلات کے ڈائریکٹر سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اعجاز احمد شیخ کی سربراہی میں ڈپٹی ڈائریکٹر S&I جاوید احمد صدیقی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ولیداد چانڈیو، چیکنگ انسپیکٹر دیدار علی اور فراز شاہ نے حیدرآباد کے میران محمد شاہ سب ڈویژن کے علاقوں کیٹل کالونی، زیل پاک کالونی و دیگر علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 59 بجلی کے کنکشن چیک کیئے جس میں سے 45 عدد تھری فیز میٹروں میں چیکنگ کے دوران 16 میٹروں کی سکیورنگ نہیں کی گئی تھی، ایک عدد تھری فیز میٹر D2b کنکشن کا میٹر اوپن پایا گیا، ایک تھری فیز D2b کنکشن کا میٹر نمبر مس میچ پایا گیا، ایک میٹر تھری فیز B2b کنکشن کا ڈسپلے ڈم پایا گیا، ایک تھری فیز B1b کے کنکشن میں منظور شدہ لوڈ سے زیادہ استعمال پایا گیا، ایک کنکشن ٹنڈو محمد خان روڈ کیٹل کالونی میں ڈائریکٹ PVC کے ذریعے چلایا جارہا تھا، و دیگر بجلی چوری کے 14 عدد کنکشن منقطع کرکے، تاریں ضبط کرکے جرمانے عائد کیئے گئے ہیں، مزید براں خصوصی ریکوری ٹیموں نے آپریشن سب ڈویژن ٹھٹھہ میں کارروائی کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 38 کنکشن کاٹے اور واجبات کی عدم ادائیگی پر 27 نادہندگان کنکشن منقطع کردیئے ہیں، اس کے علاوہ آپریشن سب ڈویژن کوٹری کی خورشید کالونی میں کاررائی کرتے ہوئے بجلی چوروں کے 42 کنڈہ کنکشن منقطع کرکے تاریں ضبط کرلی ہیں، اور نادہندگان کے 31 کنکشن منقطع کرکے واجبات کی ادائیگی کے بعد ہی بحال کرنے کا کہا گیا ہے۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف نے کہا کہ بجلی چوروں کو کسی بھی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ خصوصی ریکوری ٹیموں کی پورے حیسکو ریجن میں ان کارروائیاں کو مزید تیز کردیا گیا ہے۔ بجلی چوروں کا خاتمہ اور واجبات کی ادائیگی لازمی کرائیں، کیونکہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلاسکتا، بجلی چوری میں ملوث کسی بھی فرد کو نہیں معاف کرسکتے چاہے وہ حیسکو ملازم ہی کیوں نہ ہو، اس کے خلاف کارروائی مکمل کی جائے گی۔ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کریں تاکہ بجلی کی فراہمی مسلسل میسر ہوسکے۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔




حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کی ہدایات پر سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اور خصوصی ریکوری ٹیموں کی بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں